109298 ـ دوران حج تیسرے دن کا روزہ رکھنا بھول گیا تو گھر واپس جا کر روزہ رکھا

سوال

میرے پاس حج میں قربانی دستیاب نہیں تھی تو میں نے دوران حج 2 روزے رکھے، لیکن تیسرا روزہ رکھنا میں بھول گیا، اس پر میں نے گھر واپس آ کر سات روزوں کے ساتھ ایک روزہ مزید رکھ لیا، تو کیا مجھ پر کچھ لازم ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" اگر کوئی شخص تین روزوں میں سے کوئی روزہ رکھنا بھول جائے اور گھر واپس آ کر وہ روزہ رکھ لے تو اس پر کچھ نہیں ہے۔
اللہ تعالی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود و سلام ہوں ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور تمام صحابہ کرام پر" ختم شد

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز، الشیخ عبد الرزاق عفیفی، الشیخ عبد اللہ غدیان، الشیخ عبد اللہ بن قعود

دائمی فتوی کمیٹی: (11/388)